# CENTRE FOR EDUCATIONAL DEVELOPMENT OF MINORITIES

Nizam College Campus, Hyderabad - 500 001.

**Time:150 Min. TGTET JUNE 2025 - Paper-II - SOCIAL STUDIES Mark: 150**

## Part I. CHILD DEVELOPMENT AND PEDAGOGY (Marks: 30)

1. انعامات کارکردگی کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر ہو سکتے ہیں۔ یہ کس قسم کی محرک (موٹیویشن) کی نشاندہی کرتا ہے؟

(1) قدرتی محرک (2) اندرونی محرک (3) بیرونی محرک (4) حصولی محرک

2. راجو کو ہوم ورک نہ کرنے پر استاد نے پوری کلاس کے سامنے ڈانٹا۔ گھر جا کر اُس نے بلاوجہ اپنی چھوٹی بہن پر چیخا۔ راجو کے اس رویے کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) رجعت (2) دباؤ (3) شناخت (4) منتقلی (ڈس پلیسمنٹ)

3. درج ذیل میں سے کون سا کھیل بچوں کے قریب رہ کر، لیکن ان کے ساتھ شراکت کے بغیر، اکیلے کھیلنے کو ظاہر کرتا ہے؟

(1) باہمی تعاون پر مبنی کھیل (2) متوازی کھیل (3) شراکتی کھیل (4) تنہا کھیل

4. پیاجے کے مطابق، بچوں میں تجریدی (Abstract) سوچ کس مرحلے میں شروع ہوتی ہے؟

(1) حسی وحرکی مرحلہ (2) قبل از عملی مرحلہ (3) ٹھوس عملی مرحلہ (4) رسمی عملی مرحلہ

5. تحریری صلاحیت سے متعلق سیکھنے کی معذوری کو کیا کہتے ہیں؟

(1) ڈسلیکسیا (2) ڈسکلکولیا (3) ڈسگرافیا (4) ڈسپریکسیا

6. کوہلبرگ کے اخلاقی نشوونما کے مابعد روایتی مرحلے کی خصوصیت کیا ہے؟

(1) سزا سے بچاؤ کے لیے اطاعت (2) معاشرتی اصولوں کی اندھی پیروی

(3) ذاتی اصولوں کی پاسداری (4) ساتھیوں کی منظوری حاصل کرنا

7. بھارت میں 6 سے 14 سال کے بچوں کو مفت اور لازمی تعلیم کی ضمانت کون سا قانون دیتا ہے؟

(1) POCSOS (2) RTE ایکٹ (3) سروشکشا ابھیان (4) قومی تعلیمی پالیسی 2020

8. مشاہداتی سیکھنے (Observational Learning) کا نظریہ کس نے پیش کیا؟

(1) بی ایف اسکنر (2) جین پیاجے (3) البرٹ بنڈورا (4) جان ڈیوی

9. درج ذیل میں سے گیسٹالٹ نفسیات کا اصول کیا ہے؟

(1) آزمائش اور غلطی (2) بصیرت (Insight)

(2) مشروطیت (Conditioning) (4) تقویت (Reinforcement)

10. مشمولی تعلیم (Inclusive education) میں Inclusion کا کیا مطلب ہے؟

(1) سست سیکھنے والے بچوں کے گروپ بنانا (2) خصوصی بچوں کو الگ کرنا

(3) معذور بچوں کو عام اسکول میں شامل کرنا (4) ذہین بچوں کو علیحدہ کرنا

11. دوطرفہ منتقلی (Bilateral Transfer) سے کیا مراد ہے؟

(1) استاد سے طالب علم کو منتقلی (2) ایک مضمون سے دوسرے میں منتقلی

(3) جسم کے ایک طرف سے دوسری طرف اکتساب کی منتقلی (4) دوطلباء کے درمیان منتقلی

12. SCERT کا مکمل مطلب کیا ہے؟

(1) اسکول کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت (2) ریاستی کونسل برائے تعلیمی تحقیق وتربیت

(3) ساؤتھ سینٹرل تعلیمی وسائل وتربیت (4) سیکنڈری کونسل برائے تدریس وتحقیق

13. یادداشت میں بہتری کے لیے Mnemonics کا استعمال کس چیز میں مددگار ہے؟

(1) بھولنے میں (2) سزادینے میں

(3) یادداشت کو برقرار رکھنے میں (4) نیند میں بہتری کے لیے

14. پیاجے کے مطابق ایک بچہ جو قبل از عملی مرحلے (Pre-operational stage) میں ہے، اس کے لیے درج ذیل میں سے کون سا طرز عمل عام ہوگا؟

(1) تجریدی منطق کو سمجھنا (2) اشیاء کی مستقل موجودگی میں ناکامی

(3) حفاظت (Conservation) کو سمجھنا (4) علامتی سوچ کی کمی

15. درج ذیل میں سے کون سی معذوری نہیں ہے؟

(1) ڈسگرافیا (2) ڈسکلکولیا (3) موٹیویشن (4) ڈسلیکسیا

16. یونٹ پلاننگ کا مقصد کیا ہے؟

(1) روزانہ حاضری لینا (2) طویل مدتی منصوبہ بندی کرنا

(3) ایک ہی موضوع پڑھانا (4) جماعتی اصول وضع کرنا

17. تعلیم بالغان کا بنیادی مقصد کیا ہے؟

(1) اخلاقی اقدار کی تعلیم دینا (2) اعلیٰ تعلیم کے نصاب کی تیاری

(3) خواندگی اور زندگی کے ہنر سکھانا (4) بچوں کی پرورش کی تربیت

18. سیکھنے کے نظریہ میں تقویت (Reinforcement) کا کیا مقصد ہے؟

(1) طالب علموں کو سزادینا (2) رویے کو مضبوط کرنا (3) ناپسندیدہ رویے کو بھلانا (4) شرکت کی حوصلہ شکنی کرنا

19. قومی سطح پر نصاب بنانے والی تنظیم کون سی ہے؟

(1) SCERT (2) DIET (3) NCERT (4) SIET

20. ایک بچہ جو تنہا کونے میں کھیل رہا ہے، وہ کس طرز کے کھیل میں مشغول ہے؟

(1) باہمی تعاون پر مبنی کھیل (2) متوازی کھیل (3) تنہائی میں کھیل (4) مقابلہ جاتی کھیل

21. کارل راجرز نے نفسیات کے کس شعبے میں اہم خدمات انجام دی ہیں؟

(1) رویہ جاتی نفسیات (1) ادراکی نشوونما (3) تحلیل نفسی (4) انسانی نفسیات

22. لیووا یگوٹسکی کو تعلیمی نفسیات میں کس تصور کے لیے جانا جاتا ہے؟

(1) عامل مشروطیت (2) ترقی کی قریبی ممکنہ حد (3) ضروریات کی درجہ بندی (4) کلاسیکی مشروطیت

23. ایڈورڈ تھارن ڈائک کس نظریہ کے لیے مشہور ہیں؟

(1) سماجی اکتساب کا نظریہ (2) قانون تاثیر(Law of Effect)

(3) ادراکی تضاد کا نظریہ (4) بصیرت کی بنیاد پر سیکھنے کا نظریہ

24. Déjà vu لفظ کا مطلب کیا ہے؟

(1) کچھ بھول جانا (2) صرف تصور کیا گیا (3) پہلے دیکھا ہوا (4) کبھی نہ دیکھا گیا

25. ایک بچہ گڑیا کو زندہ سمجھ کر اُسے کپڑے پہنا رہا ہے اور باتیں کر رہا ہے۔ یہ پیاجے کے کس مرحلے کی نشاندہی کرتا ہے؟

(1) رسمی عملی مرحلہ (2) ٹھوس عملی مرحلہ (3) قبل از عملی مرحلہ (4) حسی و حرکی مرحلہ

26. NCF 2005 کے مطابق، نصاب سازی کے اصولوں میں سے کون سا شامل نہیں ہے؟

(1) امتحانات کو زیادہ لچکدار بنانا اور جماعتی زندگی سے جوڑنا (2) اکتساب کا مرکز درسی کتاب بنانا

(3) رٹنے کے طریقوں سے دوری اختیار کرنا (4) اسکول سے باہر کی زندگی سے علم کو جوڑنا

27. درج ذیل میں سے کون سا تدریس کا معلم مرکوز (Teacher-Centred) طریقہ ہے؟

(1) پراجیکٹ طریقہ (2) مسئلہ حل کرنے کا طریقہ (3) ہیورسٹک طریقہ (4) لیکچر اور مظاہرے کا طریقہ

28. درج ذیل میں سے کون سا اصول نشو و نما کا حصہ نہیں ہے؟

(1) نشو و نما کی پیش گوئی کی جا سکتی ہے (2) نشو و نما حوصلہ افزا ہوتی ہے

(3) ہر مرحلے میں نشو و نما کی رفتار یکساں ہوتی ہے (4) نشو و نما ایک مسلسل عمل ہے

29. Cephalocaudal کے نشو و نما کا مطلب ہے کہ ترقی کس سمت سے ہوتی ہے؟

(1) ہاتھ پاؤں سے سر کی طرف (2) سر سے پاؤں کی طرف (3) مرکز سے باقی حصوں کی طرف (4) پاؤں سے سر کی طرف

30. ایرک ایرکسن کے نظریہ کے مطابق، نو جوانی کے دوران بچے کو کس نفسیاتی بحران کشمکش کا سامنا ہوتا ہے؟

(1) اعتماد بمقابلہ بے اعتمادی (2) خود مختاری بمقابلہ شرمندگی

(3) پہل کاری بمقابلہ جرم کا احساس (3) شناخت بمقابلہ کردار میں الجھن

## Part II. LANGUAGE - Urdu (Marks: 30)

**(31-35) ذیل میں دی گئی نظم پڑھ کر سوالات کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔**

اسی فریب نے مارا کہ کل ہے کتنی دور — اس آج کل میں عبث دن گنوائے ہیں کیا کیا
پہاڑ کاٹنے والے زمیں سے ہار گئے — اسی زمین میں دریا سمائے ہیں کیا کیا
بلند ہو تو کھلے تجھ پہ زور پستی کا — بڑے بڑوں کے قدم ڈگمگائے ہیں کیا کیا
خدا ہی جانے یگانہ میں کون ہوں کیا ہوں — خود اپنی ذات پہ شک دل میں آئے ہیں کیا کیا

31. لفظ ’’عبث‘‘ کے معنی ہیں

(1) بے کار (2) کارگر (3) بے گار (4) چارہ گر

32. شاعر کس سے مخاطب ہے

(1) دنیا سے (2) مشاعرہ سے (3) خود سے (4) دوست سے

33. تیسرے شعر میں کونسی صنعت ہے

(1) صنعت ایہام (2) صنعت تجنیس (3) صنعت تلمیح (4) صنعت تضاد

34. پستی کا زور کب معلوم ہوتا ہے

(1) بے خبر ہونے پر (2) صبر ہونے پر (3) بلند ہونے پر (4) فخر ہونے پر

35. پہاڑ کاٹنے والے زمیں سے کیوں ہار جاتے ہیں

(1) بیماری کی وجہ سے (2) غفلت کی وجہ سے (3) کمزوری کی وجہ سے (4) فریب کی وجہ سے

**(36-40) ذیل میں دی گئی عبارت پڑھ کر سوالات کے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔**

نیک آدمی اپنے دشمنوں کے ساتھ وہ سلوک کرتے ہیں جو چندن کلہاڑی کے ساتھ کرتا ہے۔کلہاڑی اسے کاٹتی ہے مگر وہ اس کی دھار کو خوشبودار کر دیتا ہے۔اس لیے چندن کو یہ عزت حاصل ہے کہ دیوتاؤں کے سروں پر جگہ پاتا ہے اور کلہاڑی کی یہ درگت ہوئی کہ اس کا منھ آگمیں تپا کر ہتھوڑوں سے پیٹا جاتا ہے۔

بھلے آدمی سادہ مزاج رکھتے ہیں اور جو کچھ خدا نے دیا ہے اس پر راضی رہتے ہیں۔دنیا کی خواہشوں سے آزاد ہوتے ہیں۔ ہر حال میں خوش رہتے ہیں اور فیاضی کی کان ہوتے ہیں۔سب کے ساتھ محبت اور شفقت سے پیش آتے ہیں کسی سے دشمنی نہیں رکھتے۔حرص اور لالچ کی ان کو ہوا نہیں لگتی۔بغض اور حسد کا ان پر سایہ نہیں پڑتا۔وہ غریبوں پر مہربانی کرتے ہیں،اپنی تعظیم کی پرواہ نہیں کرتے مگر اوروں کی تعظیم کرتے ہیں کسی سے ایسی بات نہیں کہتے جو اس کو بری معلوم ہو۔وہ اپنے قول کے سچے ہوتے ہیں۔ان کو خدا پرستی اور انسان کے ساتھ بھلائی کرنے کی لَو لگی ہوتی ہے۔بلا شبہ ایسے ہی آدمی کو خدا رسیدہ کہنا چاہئے۔

36. نیک آدمی کو کس سے تشبیہ دی گئی؟

(1) پیپل سے (2) ببول سے (3) نیم سے (4) چندن سے

37. چندن کس کے سر چڑھتا ہے

(1) نیتاؤں کے (2) مسافروں کے (3) دیوتاؤں کے (4) بہادروں کے

38. دنیا کی خواہشوں سے کون آزاد رہتا ہے

(1) قناعت پسند (2) خود پسند (3) نفس پسند (4) شر پسند

39. ''حرص ولالچ''، ''بغض وحسد''، 'محبت وشفقت'' کس نوعیت کے الفاظ ہیں

(1) ہم وزن (2) متضاد (3) مترادف (4) مخلوط

40. چندن کو عزت کس کی وجہ سے ہے

(1) صفت وخوبی (2) نرمی وٹھنڈک (3) مہنگی وقیمتی (4) نادرونایاب

☆ **ذیل کے سوالات کے صحیح جوابات کا انتخاب کر کے علامت (1/2/3/4) کو قوسین میں لکھئے۔**

41. سبق ''سب سے بڑا دردمند'' کا موضوع کیا ہے؟

(1) صلہ رحمی (2) سماجی اقدار (3) معاشرت (4) بادشاہت

42. ''یہ چاندرات اور پُرخواب فضائیں'' دوسرے موزوں مصرعے کی شناخت کیجئے۔

(1) ایک اوج تبسم کی طرح بے تاب فضائیں (2) کئی ایک موج طرب کی طرح بے تاب فضائیں

(3) ایک موج طرب کی طرح بے تاب ادائیں (4) ایک موج طرب کی طرح چھلکتی نگاہیں

43. حضرت عمر بن عبدالعمریز کی خلافت کا زمانہ کتنا رہا؟

(1) تین سال چھ (2) دوسال دس ماہ (3) دوسال پانچ ماہ (4) چارسال ایک ماہ

44. ''سامنے کی دیوار کو دیکھو ادھر کھڑی ہے۔اب کی برسات میں نہ آپڑے تو میرا ذمہ'' کس نے کہا؟

(1) شوہر نے (2) بیوی نے (3) پڑوسی نے (4) مالک نے

45. ''ق'' بطور اشارہ غزل میں لکھا جاتا ہے اسے ______ کہتے ہیں۔

(1) ترجیع بند (2) قطعہ بند (3) رلبع بند (4) مربع بند

46. ادبی اصطلاح میں طنز و مزاح کیا ہے؟

(1) صنف (2) فن (3) اسلوب (4) تکنیک

47. گیت کی بنیاد ہندی بحروں ______ پر رکھی جاتی ہے۔

(1) چھندوں (2) وزن (3) وقفہ (4) دھن

48. صبح بہار، اختر ستان، لالہ طور، طیور آوارہ، نغمہ حرم، پھولوں کے گیت' کس شاعر کے مجموعے ہائے کلام ہیں؟

(1) اختر الایمان (2) جاںنثار اختر (3) اختر شیرانی (4) سلیم اختر

49. جگر مرادآبادی کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

(1) 1960۔گونڈہ (2) 1955۔کانپور (3) 1965۔الہ آباد (4) 1955۔مرادآباد

50. علامت اضافت یہ ہیں۔

(1) ہمزہ۔کسرہ (2) اعراب۔حروف (3) جزم۔مشدد (4) مد۔غنہ

51. صورت کے لحاظ سے جملے کی کتنی قسمیں ہیں؟

(1) دو (2) چار (3) تین (4) پانچ

52. شعر کس پر تولا اور جانچا جاتا ہے؟

(1) بحر (2) تقطیع (3) بیان (4) کلام

53. فا،مس،تف،عی،لن کس کے ارکان ہیں؟

(1) سبب (2) وتد (3) فاصلہ (4) کلمہ

54. سب سے زیادہ قیمت کس حرف کی ہے۔

(1) ی (2) ن (3) ق (4) غ

55. ادراک کی علاقہ کی یہ اعلیٰ ترین سطح ہے۔

(1) ترکیب: (2) تعین قدر (3) معلومات (4) تفہیم

56. 1 _____OU ان خطوط کی اس طریقہ تدریس میں پہلے مشق کروائی جاتی ہے

(1) پستالوزی طریقہ (2) مانٹیسوری طریقہ (3) سجاد مرزا کا طریقہ (4) خوش نویسی کا طریقہ

57. ریاستی درسی کتب کی تدوین کا ذمہ دار ادارہ ہے

(1) NCERT (2) NFC 2005 (3) SCERT (4) NCTE

58. دستور ہند کے اس دفعہ کے تحت ریاستوں کو یہ خاص ہدایت دی گئی کہ لسانی اقلیتوں سے تعلق رکھنے والے بچوں کی ابتدائی تعلیم مادری زبان میں بہم پہنچائی جائے۔

(1) 350 (الف) (2) 351 (الف) (3) 352 (الف) (4) 353 (الف)

59. SAT کی خصوصیات یہ ہیں

(1) طلبا کی ذہنی سطحوں پر مبنی ہے (2) طلبا کی معلومات پر مبنی ہے (3) طلبا کی معلومات پر منحصر ہے (4) طلبا کی اکتسابی سطحوں پر مبنی ہے

60. پسٹالوزی نے اس طریقہ کو پہلے پہل رائج کیا؟

(1) جملے کا طریقہ (2) قصہ گوئی کا طریقہ (3) صوتی طریقہ (4) ارکانی یا اجزائی طریقہ

## Part III. LANGUAGE - II (ENGLISH) (Marks: 30)

**(61-65) Read the passage and answer the questions :**

Open and Distance Learning in India was introduced by Delhi University in 1962 through the School of Correspondence Courses and Continuing Education to enable those, who had the inclination and aptitude to acquire further knowledge and improve their professional competence. Subsequently in 1968, Correspondence Courses were started by Punjabi University and University of Rajasthan. Meerut and Mysore University started these courses in 1969. In the eighties, the distance education system expanded further. Dr. B.R. Ambedkar Open University, Hyderabad was established in 1982 by the State of Andhra Pradesh. The setting up of Indira Gandhi National Open University by the Government of India in 1985 by an Act of the Parliament is considered to be a landmark development in the field of distance education in the Country.

The Distance Education Council (DEC) was established in 1991 under Section 16(7) read with Section 5(2) of the IGNOU Act, 1985. As per clause (2) (a) of the statute 28, the DEC was responsible for the promotion and coordination of the Open and Distance Learning system in the Country. In May, 2007 a Joint Committee was formed by signing a MoU between UGC, AICTE and DEC for the period of three years till May, 2010. The Joint Committee developed guidelines in the form of 'Recognition of Open and Distance Learning (ODL) Institutions' Handbook 2009. Thereafter, in pursuance of the directions issued by the Ministry of Education, the Department of Higher Education, Government of India issued order dated 29.12.2012, thereby the regulatory functions with regard to

Distance Education programmes (excluding technical education) in higher education were vested with the University Grants Commission and for technical education, the AICTE act as a regulator through ODL mode. The Distance Education Council, which was the erstwhile regulator of Distance Education programmes, was dissolved and all regulatory functions were undertaken by the UGC under DEB (Distance Education Bureau) with effect from 2013. The Ministry of Education vide its order dated 25th February, 2014, has directed UGC to act as a regulator for higher education system in ODL mode, including for technical education in universities/affiliated colleges.

61. What is the landmark development in distance education

(1) Parliament Act (2) Open schooling (3) distance learning (4) setting up IGNOU

62. This body acts as a regulatory for ODL

(1) UGC (2) DED (3) DEC (4) ODL

63. Open learning was introduced for one who wishes to

(1) get high salary (2) improve personality

(3) improve knowledge (4) get political power

64. This was established under section 16(7)

(1) The Ministry of Education (2) The Distance Education Council

(3) DrB.R.Ambedkar Open University (4) UGC

65. They now realized the importance <u>of</u> reading the newspaper.

The underlined word is a

(1) article (2) verb (3) preposition (4) phrase

66. A special dinner was arranged for the Miss World contestants by the organizers.

This sentence can also be expressed as

(1) The organisers were arranged a special dinner for the Miss World contestants

(2) Miss World contestants arranged a special dinner for the organisers.

(3) The contestants arranged a special dinner for the organisers.

(4) The organisers arranged a special dinner for the Miss world contestants.

67. She was _______about her nomination to the bookers prize.

Choose the correct option for the blank.

(1) surprise (2) will surprise (3) surprised (4) will be surprise

68. We enjoyed the old melodies,_________?

Supply the correct question tag

(1) don't we (2) didn't we (3) doesn't she (4) shouldn't we

69. Identify the error part of the sentence .

<u>One of the participant</u> <u>threw water bottles</u> <u>at the player</u> <u>in the stadium</u>.

A B C D

(1) D (2) C (3) B (4) A

70. Our diet ______ have all rainbow color vegetables.

Choose the correct option to complete the sentence.

(1) apply (2) has (3) will has (4) must

71. Identify the word in plural.

(1) alumna (2) alumnus (3) alumni (4) alumini

72. Identify the correct sentence.

(1) She wake up at 3am daily.

(2) we watch movies in Satva Mall.

(3) They avoids plastic in their school.

(4) I had insist you all torad newspaper daily.

73. They _______applied for the job before the deadline approached.

Choose the correct option to complete the sentence.

(1) have (2) has (3) had (4) are

74. Students in engineering colleges attend classes 'once in a bluemoon'

Identify the meaning of the idiom ''.

(1) on holidays (2) in the evenings (3) regularly (4) rarely

75. Diffidence

Identify the antonym of the '' .

(1) differenceb (2) confidence (3) collection (4) zeal

76. Choose the correctly spelt word.

(1) commissionar (2) devilopment (3) restaurant (4) tranclation

77. They have 'called off' the strike after the Hyderabad Incharge Minister gave assurance.

Identify the meaning of the word '' .

(1) extended (2) met (3) started (4) stopped

78. They have distributed the Material.

Choose the option that best expresses the given .

(1) The material have been distributed. (2) The material was been distributed.

(3) The material had been distributed. (4) The material has distributed

79. The appropriate closing of the official letter is .

(1) passionately (2) affectionately (3) with love (4) Thank you

80. Arrange the following in the correct order.

p) she attended the interview q)she read the Employment News

r)she prepared the Re`sume` s)she applied for the job

(1) p,q,r,s, (2) q,r,s,p (3) q,s,.r.p (4) p.s.q.r

## ENGLISH METHODOLOGY

81. Philanthropist is one who loves people

(1) irrespective ofcaste,religion (2) with respect to one caste

(3) irrespective of their interest (4) with respect to one religion

82. The other way of expressing the line 'She asked 'where were you'is

(1) she asked where I am. (2) she asked where I had.

(3) she asked where I will be. (4) She asked where I had been

83. Identify the silent letter in ' rapport '.

(2) p (2) a (3) t (4) o

84. In Audio-lingual Method the below concepts have to be taught first
(1) reading and writing (2) mother tongue
(3) mother tongue is avoided (4) speaking and Listening[ ]

85. Transferring the knowledge from one language to another or taking help of one language in learning the other is a new ares of Research in ELT, it is termed as
(1) Translation (2) trans language (3) Interpretation (4) transmigration

86. Below given is/are the example of Reference skills
(1) Dictionaries (2) Thesaurus (3) Vocabulary (4) Spellings

87. The sub-skills of teaching is/are
a) Making a queue b) Questioning c) Arguing d) Blackboard work
(1) a,b (2) b,d (3) c,d (4) b,d

88. This is a major group of activities that can be conducted in a language class
(1) Acting in a movies (2) Imitating a teacher
(3) Role play (4) Cleaning the classroom

89. According to SCF 2011,Textbooks should help in interaction between
(1) Children and politics (2) Management and community
(3) Government and schools (4) Children and community

90. Put the given items in order as per its process
a) Evaluation b) Measurement c) Test d) Assessment
(1) a,b,c,d (2) c,b,d,a (3) c,d,b,a (4) a,c,b,d

## Part IV. SOCIAL STUDIES CONTENT (Marks: 60)

91. اینڈیس علاقہ میں مقامی سرد ہوائیں کہلاتی ہیں۔
(1) پیمپیرو (2) لو (3) پونا (4) مسٹرال

92. Climograph کو اسے ظاہر کرنے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔
(1) پہاڑیوں (2) سمندروں (3) موسم (4) آبادی

93. آسام میں شیوالک سلسلہ کو کہتے ہیں۔
(1) جموں پہاڑیاں (2) کچار پہاڑیاں (3) مِشمی پہاڑیاں (4) پٹکائی پہاڑیاں

94. بدھ کے استوپا کا گنبد اس کو ظاہر کرتا ہے۔
(1) کائنات (2) سمندر (3) زمین (4) جنت

95. چولا سلطنت کو اِن میں تقسیم کیا گیا تھا۔
(1) منڈلم، دیہاتوں اور اضلاع میں (2) اضلاع، منڈلم اور دیہاتوں میں
(3) منڈلم، والاناڈو اور ناڈو (4) ونکا، آنگانم اور دیہاتوں میں

96. ربر کی فصل کی نمو کے لئے درکار درجہ حرارت۔
(1) $21^{o}C$ سے $27^{o}C$ کے درمیان (3) $30^{o}C$ سے $50^{o}C$ کے درمیان
(2) $25^{o}C$ سے زیادہ (4) $25^{o}C$ سے کم

97. اس سال فرانس جمہوریہ بن گیا۔

(1) 1815 (2) 1793 (3) 1830 (4) 1871

98. کاؤکیشین پہاڑ ان دو سمندروں کے درمیان واقع ہے۔

(1) بحرِ کیسپین اور بحرِ اسود (2) بحرِ شمالی اور بحرِ عرب (3) بحرِ روم اور بحرِ اسود (4) بحرِ عرب اور بحرِ کیسپین

99. مرد ڈانسر جو 'بونالو جلوس' کے ساتھ ہوتا ہے وہ کہلاتا ہے۔

(1) عوامی فنکار (2) کٹماراجو (3) مہاراجو (4) پوتھاراجو

100. انڈین نیشنل کانگریس کے پہلے اجلاس میں شرکت کرنے والے نمائندوں کی تعداد۔

(1) 110 (2) 115 (3) 88 (4) 72

101 وہ تنظیم جو واحد عظیم خدا کے اصول کی بنیاد پر آفاقی مذہب پر ایقان رکھتی ہو۔

(1) ستیہ شودھک سماج (2) برہمو سماج (3) پرارتھنا سماج (4) آریہ سماج

102. چوری، ڈاکہ زنی، رشوت خوری، ملاوٹ کرنا اس جرم کے تحت آتا ہے۔

(1) فرقہ وارانہ (2) عدالت برائے نابالغان (3) فوجداری (4) دیوانی

103. Agro-based صنعت کی مثال ہے۔

(1) جوٹ کی صنعت (2) کیمیائی صنعت (3) سمنٹ کی صنعت (4) فرٹیلائزر کی صنعت

104. کروپ خاندان (Krupp Family) کا تعلق اس سے ہے۔

(1) مواصلاتی ٹکنالوجی سے (2) سماجی اصلاحات سے (3) کوئلہ کی کان کنی سے (4) ہتھیاروں کی تیاری سے

105. اس ملک کی باغیوں کی تائید میں مجلس اقوام متحدہ نے اس ملک کو 'No fly zone' قرار دیا۔

(1) میانمار (2) مصر (3) لیبیا (4) یمن

106. یہ گھریلو تشدد کے تحت نہیں آتا۔

(1) غیر اخلاقی جسم فروشی (2) فحش فلمیں بنانا (3) بے عزتی کرنا (4) نقصان پہنچانے کی دھمکی دینا

107. وہ آدی واسی جنھوں نے جھارکنڈ میں سن 1856ء میں انگریز حکومت کے خلاف مظاہرہ کیا۔

(1) ماریا اور مرزے (2) کولام (3) کویا (4) سنتھال

108. ان پر کارپوریٹ ٹیکس عائد کیا جانا چاہئے۔

(1) سودی آمدنی (2) کرایہ آمدنی (3) منافع آمدنی (4) ذاتی آمدنی

109. 'Kyoto Protocol' اس سال منظور کیا گیا۔

(1) 1997 (2) 2005 (3) 2010 (4) 1995

110. ہندوستان ان دو عرض بلد کے درمیان واقع ہے۔

(1) $8^{o}$ and $37^{o}$ N (2) $8^{o}$ and $37^{o}$ S (3) $18^{o}$ and $37^{o}$ N (4) $10^{o}$ and $42^{o}$ N

111. پہلی جنگ عظیم کا اختتام..........کو ہوا۔

(1) 25 ستمبر 1918 (2) 20 اپریل 1918 (3) 11 نومبر 1918 (4) 13 مارچ 1918

112. ایجنٹ آرینج ہے۔

(1) مہک بم (2) وزنی ہتھیار (3) مہک زہر (4) رازدارانہ سمجھوتہ

113. لفظ 'میرا پائی بی' کے معنی ہیں۔

(1) خاموش وادی (2) مشعل برادر (3) گڑبڑ زدہ علاقہ (4) مسلح افواج

114. اس سال نربھیا قانون وجود میں آیا۔

(1) جنوری 2012 (2) ڈسمبر 2015 (3) اپریل 2013 (4) جون 2014

115. امریکی آزادی کا اعلان نامہ کے مصنف ہے۔

(1) لوئی XVI (2) چارلس اول (3) کرسٹوفر کولمبس (4) تھامس جیفرسن

116. شہری علاقہ جس کی آبادی 5000 تا ایک لاکھ کے درمیان ہوں۔ وہ کہلاتے ہیں

(1) شہر (2) ٹاؤن (3) ریوینو/ گاؤں (4) قریہ

117. GDP کیا ہے؟

(1) کسی بھی ملک کی جانب سے ایک سال میں پیدا کی گئی جملہ حتمی اشیاء اور خدمات کی قدر

(2) دنیا میں ایک سال میں پیدا کی گئی جملہ حتمی اشیاء اور خدمات کی قدر

(3) کسی بھی ملک کی جانب سے ایک سال میں پیدا کی گئی جملہ حتمی درمیانی اشیاء اور خدمات کی قدر

(4) کسی بھی ملک کی جانب سے دس سال کے دوران کی درمیان اور حتمی اشیاء کی قدر

118. فضائی کرہ کی اس پرت میں اوزون واقع ہے۔

(1) Thermosphere (2) Mesosphere

(3) Stratosphere (4) Troposphre

119. نئی ڈیل پالیسی کے مطابق 3 R سے مراد ہے۔

(1) نسل، انقلاب اور مذہب (2) دیہات، اصلاحات اور انقلاب

(3) راحت، ریکووری، اصلاحات (4) مذہب، اصلاحات، دیہات

120. الیکشن کمیشن آف انڈیا کب قائم ہوا۔

(1) 25 جنوری 1951ء (2) 26 جنوری 1950ء (3) 26 جنوری 1949ء (4) 25 جنوری 1950ء

121. حسب ذیل میں سے صدر جمہوریہ ہند کا اختیار کونسا ہے؟

(1) راجیہ سبھا اور ریاستی اسمبلیوں کی تحلیل (2) دونوں ایوانوں کے پارلیمان کا مشترکہ اجلاس طلب کرنا

(3) لوک سبھا کے لئے 12 اراکین نامزد کرنا (4) یہ فیصلہ کرنا کہ بل مالیاتی ہے یا عام نوعیت کا

.122 کس نے سب سے پہلے ہندوستان میں سروے پرمبنی نقشہ تیار کئے۔

(1) سرولیم (2) میکالے (3) جیمس رینل (4) پٹولمی

.123 حیدرآباد ریسڈینسی پر کس نے حملہ کیا۔

(1) طرہ باز خاں (2) مولوی علاء الدین (3)(1)اور(2) (4) نارائن ریڈی

.124 ریاستوں کی تنظیم جدید کمیشن کے چیرمین تھے۔

(1) سید فضل علی (2) جسٹس سری کرشنا (3) ایچ۔وی پاٹیسکر (4) بی۔گوپال ریڈی

.125 بین الاقوامی تنظیم برائے تجارت (WTO) کا صدر مقام کہاں واقع ہے۔

(1) نیویارک (2) روم (3) وارسا (4) جینوا

.126 سب سے بڑا ابراعظمی کنارہ سائبریائی کنارہ ہے جو بحر منجمد شمالی میں واقع ہے جسکی چوڑائی کلومیٹر تک پھیلی ہوئی ہے۔

(1) 1800 (2) 1400 (3) 1500 (4) 1600

.127 دستور میں کس ترمیم کے ذریعہ بنیادی فرائض شامل کئے گئے۔

(1) 42ویں ترمیم (2) 44ویں ترمیم (3) 61ویں ترمیم (4) 52 ویں ترمیم

.128 انگریزوں نے نواب سراج الدولہ کو کس جنگ میں شکست دی۔

(1) جنگ پلاسی (2) جنگ بکسر (3) میسور کی جنگ (4) پانی پت کی جنگ

.129 اگر NOTA کے لئے زیادہ ووٹ ڈالے جاتے ہیں تب۔۔۔

(1) الیکشن رد کر دیئے جائیں گے

(2) وہ امیدوار جس نے دوسری پوزیشن حاصل کی کامیاب قرار دیا جائے گا

(3) انہی امیدوارں کے ساتھ دوبارہ الیکشن کرایا جائے گا

(4) الیکشن کمیشن کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی امیدوار کو کامیاب قرار دیں۔

.130 حیدرآباد ریاست کے انتخابات 1952ء کے بعد وزیر اعلیٰ کون منتخب ہوئے۔

(1) وی نرسنگ راؤ (2) بورگل راما کرشنا راؤ (3) کے وی رنگا ریڈی (4) بی۔گوپال ریڈی

.131 راست ٹیکس کی مثال ہے۔

(1) کسٹم ڈیوٹی (2) اکسائیز ڈیوٹی (3) انکم ٹیکس (4) سیلز ٹیکس

.132 ہندوستان کے ''الکٹرانک شہر'' کے صدر مقام کے طور پر جانا جاتا ہے۔

(1) حیدرآباد (2) دہلی (3) بنگلورو (4) کولکتہ

.133 بہار عرب کا آغاز کس ملک سے ہوا۔

(1) مصر (2) لیبیاء (3) تیونس (4) یمن

134. حسب ذیل میں سے مغربی ساحلی میدانوں کی شناخت کیجئے۔

(1) کونکن ساحل، کچ ساحل اور مالا بار ساحل
(2) کونکن ساحل، کورومنڈل ساحل، کاٹھیاواڑ ساحل
(3) اتکل ساحل، کونکن ساحل، مالا بار ساحل
(4) اتکل ساحل، کورومنڈل ساحل، کاٹھیاواڑ ساحل

135. HDI سے مراد؟

(1) Human Development Institute
(2) Human Development Index
(3) Human Development Industry
(4) Health Development Index

136. ہندوستان کو کونسا خط دو حصوں میں مساوی طور پر تقسیم کرتا ہے۔

(1) خط استوا
(2) خط سرطان
(3) خط جدی
(4) آرکٹک حلقہ

137. 'V' شکل کی وادی تشکیل دیتے ہیں۔

(1) آتش فشاں
(2) گلیشرس
(3) ہوا
(4) دریا

138. وجیانگر سلطنت کا بانی؟

(1) ہری ہرارائے
(2) بکارائے
(3) 1 اور 2
(4) سومیشورا

## SOCIAL STUDIES - METHODOLOGY

139. حسب ذیل فہرست A کو فہرست B سے ملایئے

| فہرست A | فہرست B |
|---|---|
| تعلیمی معیارات | مجموعی جانچ کے نشانات کے توازن کا فیصد |
| A) تصورات کی تفہیم | 15 فیصد |
| B) استحسان-حساسیت | 40 فیصد |
| C) معلومات اکٹھا کرنے کی مہارت | 10 فیصد |

درست جواب کا انتخاب کیجئے

(1) A-ii; B-i; C-iii
(2) A-iii; B-i; C-ii
(3) A-i; B-ii; C-iii
(4) A-ii; B-iii; C-i

140. 5E اکتسابی ماڈل میں دوران تدریس اقدامات کی درست ترتیب کی نشاندہی کیجئے۔

(1) مشغول کرنا، تشریح کرنا، دریافت کرنا، وضاحت کرنا، جانچ کرنا
(2) تشریح کرنا، دریافت کرنا، مشغول کرنا، وضاحت کرنا، جانچ کرنا
(3) مشغول کرنا، دریافت کرنا، تشریح کرنا، وضاحت کرنا، جانچ کرنا
(4) تشریح کرنا، مشغول کرنا، دریافت کرنا، وضاحت کرنا، جانچ کرنا

141. زمین کی شکل بتانے کے لئے یہ تدریسی آلہ استعمال ہوتا ہے

(1) اٹلس
(2) گلوب
(3) نقشہ
(4) تختہ سیاہ

142. کل پیٹرک کے مطابق ''مکمل دلی طور پر مقصدی مشغلہ جو سماجی ماحول میں تدبیری عمل کرتا ہے۔''

(1) پروجیکٹ
(2) رول پلے
(3) سماجی کام
(4) کمیونٹی پروگرام

143. ''ایک جماعت / کلاس جس کو بیانیہ طریقہ سے پڑھایا جائے تو ایسا لگتا ہے ژالہ اور طوفان چھوٹے چھوٹے پودوں پر برستے ہیں۔'' انھوں نے کہا ہے۔

(1) ڈی۔ایس۔کوٹھاری (2) جی۔کرشنا مورتی (3) گاندھی جی (4) رابندر ناتھ ٹیگور

144. طلباء میں طبعی اور ذہنی قابلیتوں کی یکجہتی، اس طریقہ کے ذریعہ ممکن ہے۔

(1) ٹیم ٹیچنگ (2) منصوبہ جاتی طریقہ (3) بحث و مباحثہ کا طریقہ (4) مسائل کو حل کرنے کا طریقہ

145. وہ طریقہ جو ایک اصول کے قیام کے بعد اس اصول کی تصدیق کے لئے فائدہ مند ہے۔

(1) استقرائی۔استخراجی طریقہ (2) منصوبہ جاتی طریقہ (3) استقرائی طریقہ (4) استخراجی طریقہ

146. ''ہندوستان کی تحریک آزادی'' کو پڑھانے کیلئے ایک سماجی علم کا ٹیچر ٹائم لائن کا استعمال کرتا ہے۔ یہ گراف ہے۔

(1) لکیری ترسیم ایک محور کا استعمال کرتے ہوئے (2) لکیری ترسیم چار محور کا استعمال کرتے ہوئے

(3) لائن گراف (لکیری ترسیم) دو محور کا استعمال کرتے ہوئے (4) لکیری ترسیم تین محور کا استعمال کرتے ہوئے

147. ذیل کے لئے صحیح جزوی تدریس دَور ہے۔

(1) تدریس۔بازرسی۔منصوبہ بندی۔مکرر تدریس۔مکرر بازرسی۔مکرر منصوبہ بندی

(2) بازرسی۔منصوبہ بندی۔تدریس۔مکرر بازرسی۔مکرر منصوبہ بندی۔مکرر تدریس

(3) منصوبہ بندی۔تدریس۔مکرر منصوبہ بندی مکرر تدریس۔بازرسی۔مکرر بازرسی

(4) منصوبہ بندی۔تدریس۔باررسی۔مکرر منصوبہ بندی۔مکرر تدریس۔مکرر بازرسی

148. منصوبہ جاتی طریقہ اس فلسفہ پر مبنی ہے۔

(1) زندگی کا تصوّر/وجود (2) قدرت پرستی/فطریت (3) عملیت (4) تصوّریت

149. سہ رخی بصری امدادی وسائل جو minatures حقیقت کو ظاہر کرتے اور ڈسپلے کرتے ہیں۔

(1) ڈائیوراماس (2) اپی ڈیواسکوپ (3) ماڈلس (4) سلائیڈس

150 حسب ذیل میں سے سماجی علم کی تدریس کے اغراض و مقاصد کے بارے میں کونسے بیانات غلط ہیں۔

A) مقاصد، اغراض کو حاصل کرنے کے اقدامات ہیں

B) اغراض، مواد کے لحاظ سے تبدیل نہیں ہوتے

C) مقاصد عام ہوتے ہیں اور طویل مدتی قابل حصول ہوتے ہیں

درست جواب کا انتخاب کیجئے

(1) صرف A اور B (2) صرف B اور C (3) صرف A اور **C** (4) A، B اور C

☆☆☆